

# کاروباری ضابطۂ عمل







# فہرستِ مضامین

چیف ایگزیکٹو آفیسر (CEO) کا خط ........ iii
KBR کا کاروباری ضابطۂ عمل ........ 1
صحت، سلامتی، تحفظ اور ماحول ........ 3
ملازمت کے مساوی مواقع اور ہراسانی ........ 4
مفاد کا ٹکراؤ ........ 5
اندرونی اکاؤنٹنگ کنٹرولز ........ 6
رشوت ستانی اور بدعنوانی ........ 7
تحائف، اسفار اور تفریح ........ 8
سیاسی تعاون ........ 9
برآمدات اور تجارت سے متعلق تعمیل ........ 10
اعتماد مخالف ........ 11
فریب ........ 12
غیر عوامی اہم معلومات کا استعمال اور عوامی سطح پر ان کا انکشاف ........ 13
خفیہ اور پوشیدہ معلومات ........ 14
حکومتی معاہدے ........ 15
کاروباری ضابطۂ عمل کی مشتبہ خلاف ورزیوں کی اطلاع دینا ........ 16
یادداشت ........ 17


76-MF01
PROPANE
13-MD01



# KBR، انک۔ اور اس کی ذیلی کمپنیوں کے جملہ ملازمین کے لئے:

KBR نے دیانت داری کی اساس پر ایک بیش قیمت میراث کی تعمیر کی ہے۔ KBR کے صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر (CEO) کی حیثیت سے میں اپنے کاروبار کو قانون کے دائرے میں، ایمانداری اور دیانت داری کے ساتھ محفوظ طریقے سے چلانے کے لئے پابندِ عہد ہوں – اور KBR کے ہر ایک ڈائریکٹر، آفیسر، ملازم، ٹھیکہ دار اور ایجنٹ کی حالت اس معاملہ میں مجھ سے مختلف نہیں ہے۔ اس کا کوئی متبادل نہیں ہے۔

KBR کا کاروباری ضابطۂ عمل (COBC) ان تمام لوگوں کے لئے ہے جو KBR سے وابستہ ہیں -- یعنی تمام ڈائریکٹرز، افسران، ملازمین اور ایجنٹ حضرات۔ یہ اخلاقی اصولوں اور قانونی ضابطوں کا ایک ایسا عام مجموعہ فراہم کرتا ہے جن کے بارے میں ہم سے توقع کی جاتی ہے کہ کلائنٹس، معاشروں اور ایک دوسرے کے ساتھ معاملات کرتے وقت ہم ان کا عملاً مظاہرہ کریں۔ COBC کو اس لئے قائم کیا گیا تھا کہ آپ اپنی روز مرہ کی کاروباری زندگی میں قانونی اور اخلاقی طرز عمل کو نافذ کر سکیں نیز اس لئے کہ آپ کو قانون کی پابندی کرنے میں آسانی ہو۔

اخلاقی اصول بطور ایک کمپنی کے KBR کی شناخت ہیں۔ ہمارے اخلاقی اصول اس بات کو یقینی بنانے کے لئے ہماری عہد بستگی کا اظہار کرتے ہیں کہ ہم اپنے مشن کو دیانت داری کے ساتھ انجام دیتے ہیں۔ COBC میں ہمارے اصولوں کو شامل کیا گیا ہے، جو کہ ان اخلاقی اور قانونی پالیسیوں پر مشتمل ہیں جن کا تعلق کاروبار کے ان اخلاقی اور قانونی اصولوں سے ہے جن کی پابندی ہمارے کاروبار کی انجام دہی میں سب کے لئے ضروری ہے۔

باوجود اس کے کہ اس ضابطہ کو مختلف نوعیتوں کے اخلاقی اور قانونی مسائل سے نمٹنے کے لئے تیار کیا گیا ہے، ایسی مثالیں ہو سکتی ہیں جہاں آپ کے پاس کسی مخصوص حالت سے متعلق کوئی سوال ہو۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو آپ کو ایتھکس ہاٹ لائن (Ethics Hotline)، کاروباری ضابطۂ عمل سے متعلق ڈائریکٹر (Director of Business Conduct) یا KBR کے شعبۂ قانون کے اندر موجود دیگر وکیل سے رابطہ کرنا چاہئے۔

ہم قانون کی پابندی کرتے ہوئے کاروبار فراہم کریں گے اور انصاف، دیانت داری، سلامتی کے تئیں عہد بستگی، معیار اور نفاذ کا مظاہرہ کریں گے۔ میں آگے بڑھنے کے ساتھ ساتھ آپ سے کمپنی کی ان اقدار اور اصولوں کی فراخ دلی کے ساتھ مسلسل معاونت کی توقع رکھتا ہوں۔

**اسٹورٹ بریڈی (Stuart Bradie)**

**صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر**
**KBR، انک۔**

# KBR کاروباری ضابطۂ عمل

اخلاقی اصولوں اور قانونی ضابطوں کا ایک عمومی مجموعہ قائم کرنے کے لئے KBR بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کاروبار کے اس ضابطہ (ضابطہ) کو اپنایا ہے اور کمپنی ہر ملازم[1] سے توقع کرتی ہے کہ وہ کلائنٹس، معاشروں اور ایک دوسرے کے ساتھ معاملات کرتے وقت ان کو ملحوظ رکھیں۔ کمپنی ان تھرڈ پارٹیوں سے بھی جو کمپنی کے لئے کام کرتی ہیں بعینہ انہی اخلاقی ضابطوں کی تعمیل کی توقع رکھتی ہے۔

کمپنی کسی بھی غیر قانونی یا غیر اخلاقی عمل کو نظر انداز نہیں کرے گی۔

کمپنی اپنا کاروبار تمام قابل اطلاق قوانین کی پابندی کرتے ہوئے اور اخلاقی ضابطوں کے مطابق انجام دے گی۔ بعض حالتوں میں، ریاستہائے متحدہ امریکہ کے قابل اطلاق قوانین دیگر ملک کے قابل اطلاق قوانین سے متصادم ہو سکتے ہیں۔ ایسی صورتوں میں کمپنی اس طرح کے تصادم کو اپنے قانون کے شعبہ کی ہدایات کی روشنی میں دور کرنے کی کوشش کرے گی۔ جب اس طرح کے تصادم کا حل ممکن نہ ہو تو کمپنی ریاستہائے متحدہ امریکہ کے قابل اطلاق قوانین کو ترجیح دے گی اور ان کی پابندی کرے گی۔

یہ ہر ایک ملازم کی ذاتی ذمہ داری ہے کہ وہ ان ضابطوں اور پابندیوں کی تعمیل کرے جن کا اطلاق ان کو تفویض شدہ واجبات اور ذمہ داریوں پر ہوتا ہے، خواہ انہیں قابل اطلاق قوانین یا کاروبار کے ضابطہ عمل نے عائد کیا ہو۔ تمام ملازمین کے لئے لازمی ہے کہ وہ کسی بھی ایسی سرگرمی سے اجتناب کریں جو کمپنی کو کسی ایسے طرز عمل میں ملوّث کردے جو کہ کاروباری ضابطۂ عمل کے مطابق نہ ہو۔ کوئی بھی ایسا ملازم جو ان ضابطوں اور پابندیوں کی تعمیل نہیں کر رہا ہے تو گویا وہ اپنی ملازمت، ذمہ داریوں یا ایجنسی کے دائرے سے باہر کام کر رہا ہے۔

قانونی تعمیل کے علاوہ، تمام ملازمین سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنے تفویض شدہ واجبات اور ذمہ داریوں کی ادائیگی میں کاروبار کے اعلی معیاروں اور ذاتی اخلاقی اقدار کو ملحوظ رکھیں۔ یہ کمپنی کے ملازمین، عوام، بزنس کمیونٹی، حصص برداروں، گاہکوں، سپلائرز، مسابقت کاروں اور حکومتی اور انضباطی حکام کے ساتھ معاملات کے ہر گوشے میں ملازمین کے ذریعہ منصفانہ معاملہ، ایمانداری اور دیانت داری کے طرز عمل کا تقاضا کرتا ہے۔ کمپنی کے لئے کام کرتے وقت ملازمین کو چالاکی کرکے، چھپا کر، خصوصی معلومات کا غلط استعمال کرکے، مادی حقائق کی غلط بیانی کرکے یا کاروبار کے دیگر غیر منصفانہ طرزعمل کے ذریعہ ناجائز فائدہ نہیں اٹھانا چاہئے۔

کاروباری ضابطۂ عمل کو پڑھنا، سمجھنا اور اس کی تعمیل کرنا نیز کاروباری ضابطۂ عمل سے متعلق کمپنی کے ذریعہ ضروری قرار دی گئی کسی ٹریننگ میں شرکت کرنا ملازمین کی ذمہ داری ہے۔

کوئی بھی ایسا ملازم جو کاروباری ضابطۂ عمل کی شرائط پر سمجھوتہ کرتا ہے یا ان کی خلاف ورزی کرتا ہے تو اسے تادیبی کارروائی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے جس میں ملازمت سے اخراج شامل ہے، اور اگر قابل اطلاق ہو تو فوجداری یا دیوانی مقدمے بھی چلائے جا سکتے ہیں۔

ایسے طرزعمل کی مثالیں جن کے نتیجہ میں تادیبی کارروائی کی جا سکتی ہے ان میں کاروباری ضابطۂ عمل سے متعلق پالیسی کی خلاف ورزی کرنا، دیگر لوگوں سے کاروبار ی ضابطۂ عمل سے متعلق پالیسی کی خلاف ورزی کرنے کی درخواست کرنا، یا کاروباری ضابطۂ عمل سے متعلق پالیسی کی معلوم یا مشتبہ خلاف ورزی کی فوراً اطلاع دینے میں ناکام رہنا شامل ہیں۔

اگر کسی مخصوص کارروائی کی درستگی میں شبہ ہو تو ملازمین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ایتھکس ہاٹ لائن (Ethics Hotline) یا شعبۂ قانون کے کسی رکن سے رابطہ کریں۔

[1] اس کاروباری ضابطۂ عمل کا اطلاق عالمی سطح پر KBR کے تمام آپریشنوں اور گروپ میں شامل اداروں پر ہوتا ہے۔ پوری دستاویز میں استعمال شدہ "ملازمین" کی اصطلاح میں تمام افسران، ملازمین، نیز ایجنسی کے اہلکار اور KBR، انک۔ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران شامل ہیں۔

## ایک ملازم کی حیثیت سے آپ کی ذمہ داریاں:

- تمام کاروباری لین دین میں ایمانداری اور اخلاقی اقدار کو ملحوظ رکھ کر کام کرنا
- قانون اور ضابطہ، نیز KBR کی پالیسیوں اور کاروباری طریقہ ہائے کار کی تعمیل کرنا
- ضابطہ کی کسی بھی مشتبہ یا حقیقی خلاف ورزیوں کی اطلاع فورا اپنے منیجر کو، یا کاروباری ضابطۂ عمل سے متعلق شعبہ (Code of Business Conduct Department) کو یا www.kbr.ethicspoint.com دینا۔
- جب کسی اخلاقی یا قانونی چیلنج کا سامنا ہو تو اپنے منیجر یا شعبۂ قانون سے رہنمائی طلب کرنا
- قانون اور ضابطہ کی تعمیل کے لئے جوابدہ ہونا

## ایک سپروائزر کی حیثیت سے آپ کی ذمہ داریاں

ملازمین کے ایک سپروائزر یا منیجر کی حیثیت سے ضابطہ کے تعلق سے آپ کی ذمہ داریاں حسب ذیل ہیں:

- مثالی اخلاقی برتاؤ کرنا
- ملازمین کے ساتھ کھلی گفت وشنید کی حوصلہ افزائی کرنا اور ان کے سوالات اور تشویشات کے جواب میں رہنمائی اور رائے فراہم کرنا
- جاننا کہ خلاف ورزیوں کی اطلاع کب دینی ہے، مسائل کو کب اٹھانا ہے یا کمپنی کے ماہرین سے مدد کب طلب کرنی ہے
- یہ یقینی بنانا کہ کسی بھی ملازم کے خلاف کاروباری ضابطۂ عمل یا قابل اطلاق قانون کی مشتبہ یا ممکنہ خلاف ورزیوں کی اطلاع دینے کی پاداش میں کوئی انتقامی کارروائی نہیں کی جاتی ہے

## کارپوریٹ کی سماجی ذمہ داری

KBR مانتی ہے کہ مسلسل ترقی کے اپنے لائحہ عمل میں کامیاب ہونے کے لئے اور نسبتاً زیادہ طویل مدتی شیئر ہولڈر قیمت حاصل کرنے کے لئے ہمیں لازماً ایک ایسی کمپنی تعمیر کرنی ہوگی جس کا کاروباری فلسفہ پائیداری پر مبنی ہو اور جو اقتصادی خوش حالی، ماحولیاتی تحفظ اور سماجی ذمہ داری کو متوازن بناتی ہو۔

KBR اپنے گاہکوں کے لئے انجام دیئے گئے پروجیکٹوں کا پائیدار حل فراہم کرتی ہے، جس سے سسٹمز، ٹیکنالوجیوں اور KBR تنظیم اور اس کے اہلکاروں کی ثقافت کے تئیں ان کی پالیسیوں اور عہد بستگیوں کا مظاہرہ ہوتا ہے۔

KBR اپنی فیصلہ سازی کی کارروائیوں میں اور ان انتظامی نظاموں میں جو ہماری کاروباری سرگرمیوں کو منضبط کرتے ہیں اقتصادی، ماحولیاتی اور سماجی مسائل کا جائزہ لیتی ہے۔

KBR اپنے لوگوں کو، اپنے کاروبار اور سماجی رشتوں کو، ڈھانچوں اور ان معاشروں کو جہاں ہم رہتے ہیں اور کام کرتے ہیں، اپنے بنیادی ڈھانچہ اور مواد کو، نیز اپنی اقتصادی خوش حالی کو تحفظ اور ان کی دیکھ بھال کو سمت فراہم کرنے کے لئے پائیدار لائحہ ہائے عمل نافذ کرتی ہے۔ ان لائحہ ہائے عمل میں پائیدار ڈیزائن، خریداری ، تعمیر، ٹیکنالوجیاں، سپلائر اور ملازمین کا تنوع، مقامی مشمولات، انسانی حقوق، بدعنوانی مخالف، ٹریننگ، آلودگی کی روک تھام، صحت وسلامتی، خیراتی عطیہ اور رضاکارانہ کام شامل ہیں۔





# صحت، سلامتی، تحفظ اور ماحول

کمپنی کام کی جگہ پر اپنے ملازمین اور اپنی کاروباری سرگرمیوں سے متاثرہ دیگر افراد کی صحت، سلامتی اور تحفظ کے تعلق سے تمام قابل اطلاق قوانین اور متعلقہ صنعتی ضابطہ ہائے عمل پر عمل پیرا رہے گی، اس میں ماحولیاتی آلودگی کی روک تھام شامل ہے۔ صحت وسلامتی کا تحفظ اور ماحولیاتی آلودگی کی روک تھام کمپنی کا بنیادی ہدف ہے اور کمپنی انتظامیہ مذکورہ ہدف کو حاصل کرنے کے لئے معقول اور ضروری اقدامات کرے گی۔

کمپنی مسلسل صحت، سلامتی تحفظ اور ماحولیات (HSSE)، اپنی مصنوعات اور خدمات کے پہلوؤں کا جائزہ لے گی۔ کمپنی کا ہدف ایسی مصنوعات اور خدمات کو فروغ دینا اور فراہم کرنا ہے جن کا ماحول پر برا اثر مرتب نہ ہو اور وہ اپنے مطلوبہ استعمال میں محفوظ ہوں ، توانائی اور قدرتی وسائل کے استعمال میں کفایتی ہوں اور جنہیں دوبارہ استعمال کے قابل بنانا، استعمال کرنا یا محفوظ طریقہ سے ٹھکانے لگانا ممکن ہو۔

تمام ملازمین اپنے واجبات اور ذمہ داریوں کو اس طرح انجام دیں گے جو ان اہداف کے حصول کے لئے مناسب ہوں۔

کمپنی کا ماننا ہے کہ HSSE کا مؤثّر انتظام اچھا عمل ہے۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ ایک محفوظ ماحول اور پرجوش عملہ کے ارکان پیداوار کو بڑھانے اور بالآخر کاروبار کی کامیابی میں بھی معاون ہوتے ہیں۔ اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے، KBR نے صفر ضرر (Zero Harm) کی مہم شروع کی ہے جو ان ہمہ جہت تینوں عناصر پر مشتمل ہیں – صفر ضرر، 24/7 اور خیال رکھنے کا حوصلہ۔



## جوابدہ بنیں!

### تمام ملازمین کو درج ذیل کام کرنے چاہئیں:

- ✓ سلامتی سے متعلق اچھی عادتوں کو فروغ دینا چاہئے؛
- ✓ اپنے میدان میں سلامتی کی کارکردگی کو بہتر بنانا چاہئے؛
- ✓ حادثات کی عام وجوہات اور اسباب کی تشخیص میں مدد کرنی چاہئے؛ اور
- ✓ حادثات کی روک تھام کرنی چاہئے۔





# ملازمت کے مساوی مواقع اور ہراسانی

کمپنی تقرری اور ترقی کی اپنی پالیسیوں میں تمام اہلیت یافتہ افراد کو مساوی مواقع فراہم کرنے کے لئے پابند عہد ہے۔ کمپنی ایک ایسی ورک فورس تیار کرنے کی کوشش کرے گی جو کہ ان معاشروں کی متنوع آبادی کی عکاسی کرتی ہو جس میں وہ کام کرتی ہے۔

کمپنی اپنے تمامتر آپریشنوں اور ملازمت سے متعلق کارروائیوں میں ملازمت میں مساوی مواقع کو منضبط کرنے والے قابل اطلاق قانون کی تعمیل کرے گی تاکہ اس بات کو یقینی بنا سکے کہ کسی بھی ملازم یا درخواست دہندہ کے خلاف کوئی ناجائز امتیاز نہیں برتا جاتا ہے۔ کمپنی ملازمین کو راست یا بالواسطہ طور پر نسل، رنگ، مذہب، معذوری، جنس، جنسی میلان اور جنسی شناخت یا اظہار، عمر، قومی بنیاد، ماہر ہونے کی حالت یا جینیاتی معلومات سے وابستہ امتیازی سلوک، ہراسانی، دھمکی یا جبر و اکراہ سے پاک کام کا ایک ماحول فراہم کرے گی۔

ایک ایسا ملازم جسے یقین ہو کہ وہ امتیازی سلوک کا شکار ہوا ہے یا جسے یقین ہو کہ اس نے امتیازی سلوک کا مشاہدہ کیا ہے، اور وہ جو اس پالیسی کے مطابق اس معاملہ کی اطلاع دیتا یا دیتی ہے تو اس کے خلاف انتقامی کارروائی نہیں کی جائے گی نہ ہی اطلاع دینے کی وجہ سے اس کے ساتھ ناروا سلوک کیا جائے گا۔

کمپنی کا ماننا ہے کہ تمام ملازمین کے ساتھ عزت واحترام کا معاملہ کیا جانا چاہئے۔

ہراسانی سے پاک کام کا ماحول فراہم کرنا کمپنی کی پالیسی ہے۔ کمپنی دیگر ملازمین کے ذریعہ اپنے ملازمین کو ہراساں کرنے کی تمام شکلوں کو ممنوع قرار دیتی ہے، جن میں سپروائزر یا انتظامیہ کے دیگر ممبران شامل ہیں۔

سبھی ملازمین کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اس ہدف تک پہنچنے میں تعاون کریں۔ ہراسانی کو ناروا سلوک کا ایک سنگین عمل تصور کیا جاتا ہے اور اس کی وجہ سے کسی ملازم کے خلاف تادیبی کارروائی کی جا سکتی ہے، جس میں ملازمت سے فوراً سبکدوش کیا جانا شامل ہے۔ جیسا کہ اس پالیسی میں استعمال کیا گیا ہے، "ہراسانی" کی اصطلاح میں معذوری پر مبنی ہراسانی سمیت جنسی، نسلی، قومی اور ہراسانی کی دیگر شکلیں شامل ہیں۔

تمام شکایتوں کی فوراً اور محتاط انداز میں چھان بین کی جائے گی۔ کمپنی جنسی ہراسانی سمیت ہراسانی کے کسی عمل کی اطلاع دینے کے نتیجہ میں ملازمین کے خلاف برے انجام کو ممنوع قرار دیتی ہے۔

## جوابدہ بنیں!

*س: اگر مجھے یقین ہو کہ مجھے ہراساں کیا جا رہا ہے تو مجھے کیا کرنا چاہئے؟*

*ج: سب سے پہلے، جرم کے مرتکب فریق کو یہ بتانے پر غور کریں کہ آپ کو متعلقہ سلوک پر اعتراض ہے۔ تاہم، اگر آپ جرم کا ارتکاب کرنے والے فریق کا سامنا کرنے میں زحمت محسوس نہ کرتے ہوں (یا اگر وہ سلوک جاری رہتا ہے) تو آپ کو اپنے راست سپروائزر کو مطلع کرنا چاہئے۔ اگر آپ اس معاملہ پر اپنے راست سپروائزر سے زیادہ کسی دیگر شخص کے ساتھ بات چیت کرنے میں آرام محسوس کرتے ہوں، یا اگر آپ کے راست سپروائزر نے مسئلہ کا تصفیہ کرنے کے لئے مناسب کارروائی نہ کی ہو تو آپ کو انسانی وسائل یا شعبۂ قانون میں کسی شخص سے رابطہ کرنا چاہئے۔ ایسی تمام شکایتوں کی فوراً اور محتاط انداز میں چھان بین کی جائے گی۔*



# مفاد کا ٹکراؤ

تمام ملازمین کی کمپنی کے تئیں یہ ذمہ داری ہے کہ وہ کمپنی کے جائز مفادات کو مقدم رکھیں۔ کمپنی کو ایسی صورت میں تشویش لاحق ہوتی ہے جب بیرونی کاروبار یا ذاتی مفادات یا اس کے ملازمین کے دیگر رشتے ممکنہ طور پر کمپنی کے مفادات کے ساتھ ٹکرا جائیں یا ان میں دخل انداز ہو جائیں۔ کمپنی مفاد کے ٹکراؤ کو ممنوع قرار دیتی ہے سوائے اس کے کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر یا اس کے نامزد شخص نے خاص طور پر منظوری دی ہو۔

# مفاد کا ممکنہ ٹکراؤ

متعدد ایسے طریقے موجود ہیں جن میں مفادات کا ٹکراؤ پیدا ہو سکتا ہے بشمول:

1. ملازمین کا KBR کے علاوہ کسی اور کمپنی میں بطور ڈائریکٹر یا صلاح کار کے خدمات فراہم کرنا؛
2. مخصوص سرمایہ کاریوں کا مالک ہونا یا کسی موجودہ یا ممکنہ مسابقت کار، گاہک یا سپلائر کے یہاں مالی مفادات رکھنا؛ یا
3. کسی ایسی دوسری ملازمت سے وابستہ ہونا جو کہ کمپنی کے مفادات سے متصادم ہو یا کمپنی کے لئے اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں ملازم کی صلاحیت کو متاثر کرتی ہو۔

قریبی رشتہ داروں کی ملازمتیں اور وابستگیاں بھی حقیقی، ظاہری یا ممکنہ مفاد کا ٹکراؤ پیدا کر سکتی ہیں۔

کمپنی ملازمین سے توقع رکھتی ہے اور ان سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ حقیقی، ظاہری یا ممکنہ مفادات کے ٹکراؤ سے نمٹنے میں ایمانداری برتیں اور اخلاقیات کا مظاہرہ کریں۔ اگر کسی ملازم کے یہاں مفاد کا ممکنہ تصادم موجود ہو تو لازمی ہے کہ ملازم صورتحال کی فوری اور مکمل جانکاری اپنے منیجر یا سپروائزر کو دے، جس کے لئے چیف ایگزیکٹو آفیسر یا اس کے نامزد شخص کی منظوری حاصل کرنا ضروری ہے۔ اگر بورڈ آف ڈائریکٹرز کے کسی کوئی ممبر یا چیف ایگزیکٹو آفیسر کے یہاں مفاد کا ممکنہ ٹکراؤ موجود ہے تو صورتحال کی فوری اور مکمل اطلاع کمپنی کی آڈٹ کمیٹی کو دینا ضروری ہے۔

مخصوص ملازمین جو فنڈز کی کسی قابل ذکر رقم یا کمپنی کی دیگر املاک کے استعمال کو سمت دے سکتے ہوں یا ان کی نوعیت کو متاثر کر سکتے ہیں ان کے لئے کسی بھی حقیقی، ظاہری یا ممکنہ مفاد کے ٹکراؤ کے تعلق سے تعمیل کا ایک سالانہ بیان جمع کرانا لازمی ہوگا۔

## جوابدہ بنیں!

*س: جان ایک انجینئر کی حیثیت سے کام کرتا ہے اور ٹیم کا ایک دورہ (Retreat) بک کر رہا ہے۔ جان کا بھائی ایک ہوٹل کا مالک ہے جو اس دورے کی میزبانی کرسکتا ہے۔ کیا جان اپنے بھائی کے ہوٹل کے ساتھ معاہدہ پر دستخط کر سکتا ہے؟*

*ج: نہیں، کیوں کہ یہ مفاد کا ایک ٹکراؤ پیدا کر سکتا ہے۔ جان کچھ بھی ایسا نہیں کر سکتا جس سے کمپنی اس کے بھائی کے کاروبار کے استعمال پر مجبور ہو، البتہ وہ اپنے بھائی کو اس شعبہ سے متعارف کرا سکتا ہے جو کہ اسفار یا تقریبات کی منصوبہ بندی کے لئے ذمہ دار ہے بشرطیکہ وہ اپنے رشتہ کا اظہار کرے۔*

# اندرونی اکاؤنٹنگ کنٹرولز

کمپنی اندرونی اکاؤنٹنگ کنٹرولز کا ایک ایسا نظام قائم رکھے گی جو کہ بیرونی اغراض کے لئے مالی اطلاعات اور مالی گوشوارے کی صداقت کے تعلق سے معقول یقین دہانی فراہم کرنے کے لئے کافی ہو جو کہ عام طور پر قابل قبول اکاؤنٹنگ کے اصولوں یا اس طرح کے بیانات کے لئے کسی بھی دیگر قابل اطلاق معیار کے مطابق ہوگا اور اس میں وہ پالیسیاں اور طریقہ ہائے کار شامل ہیں جو:

- ریکارڈز کے رکھ رکھاؤ کے تعلق سے جو کہ معقول تفصیلات کے ساتھ کمپنی کے لین دین اور املاک کی نوعیت کی سچی اور درست عکاسی کرتے ہوں؛
- اس بات سے متعلق معقول یقین دہانی فراہم کرتا ہو کہ لین دین کو انتظامیہ کی عمومی یا مخصوص منظوری کے تحت انجام دیا جاتا ہے؛ اور
- غیر مجاز خریداری کی روک تھام یا بروقت دریافت، کمپنی کی املاک کے استعمال یا ان میں تصرف سے متعلق معقول یقین دہانی فراہم کرنا۔

کمپنی کے اکاؤنٹس میں کسی بھی لین دین کو تحریر نہیں کیا جائے گا مگر یہ کہ وہ تحریر شدہ پالیسیوں اور طریقہ ہائے کار کے دائرے میں ہو یا یہ کہ اس کے لئے مخصوص کسی مناسب اور نامزد ملازم نے رسمی منظوری دی ہو۔ اس طرح کی منظوری کے لئے یہ صراحت ضروری ہے کہ لین دین: (1) لین دین کو اس کارپوریٹ پالیسی کے تحت منظوری حاصل ہے اور (2) لین دین کی درستگی کی تصدیق کے لئے دستاویزی ثبوت موجود ہے۔

کمپنی کے ذریعہ درج کردہ تمام لین دین کو کمپنی کے اکاؤنٹس میں نارمل معیاری طریقہ ہائے کار کے مطابق تحریر کیا جائے گا۔ اکاؤنٹنگ ریکارڈز کو معقول سطح کی تفصیلات کے ساتھ محفوظ کیا جائے گا تاکہ:

- لین دین اور کمپنی کی املاک میں تصرف کی درست اور سچی عکاسی ہو سکے؛
- قابل اطلاق انضباطی تقاضوں کی تعمیل ہو سکے، جن میں ریاستہائے متحدہ کا بیرون ملک بدعنوانیوں سے متعلق قانون (FCPA) اور دیگر قانونی تقاضے شامل ہیں؛ اور
- ان کو اس انداز میں انجام دیا جائے گا کہ مالی گوشواروں، اندرونی، عوامی اور انضباطی رپورٹنگ کے مقاصد کے لئے رپورٹوں اور ڈیٹا کو بروقت تیار کیا جا سکے۔

اندرونی اکاؤنٹنگ کنٹرولز، طریقہ ہائے کار اور ریکارڈز کا نفاذ اور ان کے رکھ رکھاؤ جو کہ تمام پہلوؤں سے درست ہوں تاکہ اس کارپوریٹ پالیسی کے تقاضوں کی تکمیل ہو سکے یہ چیف اکاؤنٹنگ آفیسر کی بنیادی ذمہ داری ہوگی۔ اس کے علاوہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر اور چیف فائنینشیل آفیسر سربینس-اوکسلی ایکٹ (Sarbanes-Oxley Act) کی دفعات 302 اور 404 کے تمام پہلوؤں کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لئے ذمہ دار ہیں، جو کہ اس بات کا تقاضا کرتی ہیں کہ انتظامیہ معلوم وقفوں پر مالی رپورٹنگ سے متعلق اندرونی کنٹرولز کے کمپنی کے نظام کی اثر انگیزی کا جائزہ لیں اور اس کی اطلاع دیں۔ چیف فائنینشیل آفیسر اور جنرل قونصل بیرونِ ملک بدعنوانیوں سے متعلق قانون کے تئیں تعمیل کو یقینی بنانے کے ذمہ دار ہیں، جس میں اس کا یہ تقاضا شامل ہے کہ کمپنی اندرونی کنٹرولز کا ایک مضبوط نظام قائم کرے۔

## جوابدہ بنیں!

*س: جوز، جو کہ پیٹر کا ایک ساتھی کارکن ہے، پیٹر سے اکاؤنٹنگ نظام میں ایک لین دین درج کرنے کی درخواست کرتا ہے۔ پیٹر کے پاس اس لین کی درستگی سے متعلق سوالات ہیں جن کا جوز جواب نہیں دے سکتا۔ پیٹر کو کیا کرنا چاہئے؟*

*ج: پیٹر کو اپنی تشویشات اپنے منیجر کے سامنے رکھنی چاہئیں اور یقینی بنانا چاہئے کہ صرف درست اور صحیح معلومات ہی کمپنی کے بہی کھاتوں میں درج ہوں۔*

## رشوت ستانی اور بدعنوانی

KBR کے ملازمین اور اس کے لئے کام کرنے والی تھرڈ پارٹیوں کے لئے کوئی ناجائز ادائیگیاں کرنا، ان کی پیش کش کرنا، منظوری دینا یا وعدہ کرنا ممنوع ہے۔ "نا جائز ادائیگیوں" کی اصطلاح کا استعمال پیسے یا کسی بھی قیمتی چیز کی غیر قانونی ادائیگیوں کے ایک وسیع دائرہ پر ہوتا ہے جو کہ عام طور پر تعاون کے بدلے منافع میں حصّہ داری یعنی کک بیک، رشوت یا پے آف کی نوعیت کی ہوتی ہیں جو کہ اس لئے کی جاتی ہیں تاکہ کسی کے حق میں فیصلہ کو متاثر کیا جا سکے جس سے کہ کمپنی کے کاروبار پر ضرب پڑتی ہو یا کسی فرد کی ذاتی کمائی کے لئے۔ اس طرح کی ادائیگیاں ناجائز اور غیر اخلاقی ہیں اور اس کاروباری ضابطۂ عمل کے تحت ممنوع ہیں۔

کمپنی تمام ملازمین کو اور KBR کے لئے کام کرنے والی تھرڈ پارٹیوں کو کسی بھی سرکاری اہلکار، حکومتی ملازم، سیاسی پارٹی یا پارٹی کے اہلکار، عوامی دفتر کے امیدوار، یا کسی ملک کے اندر کسی عوامی بین الاقوامی تنظیم کے ملازم کو رشوت،کک بیک یا دیگر اس جیسی چیز مثلاً نا جائز پیسہ یا دیگر قیمتی چیز دینے، پیش کش کرنے، اس کا وعدہ کرنے یا منظوری دینے کو ممنوع قرار دیتی ہے۔

تمام لین دین کے لئے لازمی ہے کہ انہیں صرف انتظامیہ کی منظوری کے مطابق انجام دیا جائے اور املاک تک رسائی کی اجازت دی جائے۔

ملازمین کو کسی فریق ثالث سے کمپنی میں کسی لین دین کے اندراج کے تعلق سے راست طور پر یا بالواسطہ کوئی بھی ناجائز ادائیگیاں یا کوئی بیش قیمت چیز وصول کرنے سے بھی منع کیا جاتا ہے۔

کمپنی، اپنے ملازمین اور اس کے لئے کام کرنے والی تھرڈ پارٹیوں کے لئے کسی سرکاری اہلکار یا ملازم کو "کام کرانے کے لئے" یا اس میں سہولت فراہم کرنے کے لئے ایسی ادائیگیوں کو بھی ممنوع قرار دیتی ہے، جن کا مقصد اس طرح کے اہلکار کے ذریعہ غیر اختیاری معمول کی حکومتی کارروائی کی انجام دہی کی سہولت پہنچانا یا حاصل کرنا ہوتا ہے۔

بہت شاذ ونادر حالات میں، کسی ملازم کو یہ محسوس ہو سکتا ہے کہ کسی حکومتی اہلکار یا ملازم کو ادائیگی کرنا ضروری ہے تاکہ ذاتی صحت، سلامتی یا آزادی کو لاحق یقینی خطرہ سے بچا جا سکے کسی ایسی صورت میں جس میں کہ ملازم اس قابل نہیں ہے کہ وہ صورتحال کے پیش نظر ضروری پیشگی منظوری حاصل کر سکے۔ اگر ان حالات کے تحت کوئی ادائیگی کی جاتی ہے تو اس طرح کی ادائیگی کرنے والے ملازم کو لازما جلد از جلد تعمیل سے متعلق ڈائریکٹر یا مزید رہنمائی کے لئے اپنے سربراہ سے بات کرنی چاہئے۔

چو نکہ KBR کے لئے کام کرنے والی تھرڈ پارٹیاں، ملازمین کے اعمال کی طرح، کمپنی کے لئے ذمہ داری پیدا کر سکتی ہیں اور اس کی ساکھ کو نقصان پہنچا سکتی ہیں، اس لئے ایسی تمام تھرڈ پارٹیاں جو ہو سکتا ہے غیر امریکی حکومت کے اہلکار یا ملازمین کے ساتھ کمپنی کی طرف سے معاملہ کریں اور دیگر نامزد انتہائی خطرے والی تھرڈ پارٹیاں:

(1) ان کی خدمات لینے سے پہلے خطرے پر مبنی مناسب احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں گی؛

(2) انہیں ناجائز ادائیگیوں سے روکا جائے گا؛ اور

(3) انہیں مناسب طور پر بدعنوانی سے متعلق اضافی شرائط وضوابط کا پابند بنایا جائے گا۔

حالات پر انحصار کرتے ہوئے، خیراتی اداروں یا معاشرتی تنظیموں کو دیئے جانے والے عطیات کو ناجائز ادائیگیاں تصور کیا جا سکتا ہے۔

KBR کی بد عنوانی مخالف پالیسیوں کے نفاذ کے طریقہ ہائے کار تھرڈ پارٹیوں کی خدمات حاصل کرنے اور عطیات دینے سے متعلق ضروری کارروائیوں کے بارے میں مزید رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔



# تحائف، اسفار اور تفریح

کسی بھی سرکاری اہلکار، حکومتی ملازم، سیاسی پارٹی یا پارٹی اہلکار، عوامی دفتر کے امیدوار، کسی عوامی بین الاقوامی تنظیم کے ملازم، کلائنٹ یا ممکنہ کلائنٹ کو کوئی بھی قیمتی چیز دینا یا فراہم کرنا، جس میں زائد تفریح، سفر یا بیش قیمت تحائف شامل ہیں، کو ایک ناجائز ادائیگی اور/ یا کسی قابل اطلاق بد عنوانی مخالف قانون کی خلاف ورزی تصور کیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح، ملازمین کو اس بات سے منع کیا جاتا ہے کہ وہ تھرڈ پارٹیوں کو بیش قیمت یا کثرت سے تحائف، میزبانی، سفری اخراجات یا تفریح کا سامان (جنہیں کاروباری مہربانیاں بھی کہا جاتا ہے) مہیا کرائیں۔ مزید رہنمائی فراہم کرنے کے لئے، KBR کی بدعنوانی مخالف پالیسیوں کا ضابطہ اور نفاذ KBR کے ان طریقہ ہائے کار کی وضاحت کرتے ہیں جن میں مخصوص تھرڈ پارٹیوں کو تحائف دیئے جا سکتے ہیں یا انہیں میزبانی فراہم کی جا سکتی ہے، جن میں عوامی اہلکاران اور حکومتی ملازمین شامل ہیں۔

ملازمین کے لئے تھرڈ پارٹیوں سے راست یا بالواسطہ کوئی بھی بیش قیمت چیز، بشمول مہنگے تحائف، میزبانی، سفری اخراجات یا تفریح کا سامان ، طلب کرنا یا حاصل کرنا بھی ممنوع ہے۔

یہ حکم معقول اور رسمی کاروباری کھانوں، تفریح اور تحائف کے تبادلہ کو ممنوع قرار دیتا ہے جب تک کہ ان کا وصول کرنا بظاہر نا مناسب نہ لگتا ہو اور وہ کمپنی کی تمام پالیسیوں اور طریقہ ہائے کار کے مطابق ہوں۔ اس طرح کی تمام سرگرمیوں کی لازماً اطلاع دی جانی چاہئے اور انہیں کمپنی پالیسی کے تحت، کسی مخصوص پالیسی یا طریقۂ کار کی عدم موجودگی میں، ملازم کے سپر وائزر کی منظوری حاصل ہونی چاہئے۔

## جوابدہ بنیں!

*س: کیا اس کے معنی یہ ہیں کہ میں کسی کلائنٹ کو کاروباری اجتماع کے بعد رات کے کھانے پر لے کر نہیں جا سکتا؟*

*ج: آپ کاروبار سے متعلق بات چیت کرنے کے لئے یا رشتے کو فروغ دینے کے لئے کسی کلائنٹ کو رات کے کھانے پر لے کر جا سکتے ہیں۔ آپ کو لازماً اس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ کھانا معقول ہو اور رسمی ہو اور یہ کہ آپ KBR کی پیشگی منظوری اور اخراجات کی باز ادائیگی کے طریقہ ہائے کار کی تعمیل کرتے ہوں۔*



# سیاسی تعاون

کمپنی سیاسی عمل میں تعاون کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ کی وفاقی حکومت، ریاستیں، مقامی علاقے اور کچھ دیگر ممالک نے ایسے قوانین بنائے ہیں جو سیاسی تعاون، سیاسی سرگرمیوں اور تحائف کو منضبط کرتے ہیں تاکہ عوامی اہلکاران پر نا مناسب اثر ڈالنے کو روکا جا سکے۔ اس طرح کے افراد یا اداروں کو دیا جانے والا سیاسی تعاون ناجائز ادائیگیوں کے زمرے میں تصور کیا جا سکتا ہے۔ بین الاقوامی یا امریکی وفاقی، ریاستی یا مقامی سطح پر سیاسی سرگرمیوں میں حصّہ لینا قانونی الجھنیں اور کمپنی کے لئے ذمہ داری پیدا کر سکتا ہے۔ لہذا، ملازمین کو متعلقہ قوانین سے واقف ہونا چاہئے اور اس طرح کی سیاسی سرگرمیوں میں شامل ہونے سے پہلے ہمیشہ حکومتی تعلقات کے شعبہ (Government Relations Department) سے رابطہ کرنا چاہئے۔

کمپنی سیاسی نفوذ اور مہم میں تعاون کو منضبط کرنے والے قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کرے گی۔

کمپنی جمہوری سیاسی طریق عمل میں پختہ یقین رکھتی ہے اور یہ کہ اس کے ملازمین کو چاہئے کہ وہ ان ممالک، ریاستوں اور معاشروں میں جہاں وہ رہتے ہیں اچھی حکومت کے اصولوں کو فروغ دینے میں سرگرم دلچسپی لیں۔ ملازمین سیاسی امیدواروں اور مسائل کی تائید میں اپنا خود کا وقت اور مال صرف کر سکتے ہیں، لیکن کمپنی سیاسی تعاون کے لئے استعمال کئے جانے والے ان کے وقت یا مال کی کسی صورت میں باز ادائیگی نہیں کرے گی۔ ملازمین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جان لیں کہ ان کے ذاتی سیاسی تعاون اور ان کی سرگرمیاں قابل اطلاق قوانین کی تحت ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر، ایسے اشخاص جو ریاستہائے متحدہ امریکہ کے باشندے نہیں ہیں ان کے لئے ریاستہائے متحدہ امریکہ کے وفاقی، ریاستی یا مقامی انتخابات میں امیدواروں کے سیاسی تعاون کی اجازت نہیں ہے۔ دیگر ممالک میں بھی سیاسی تعاون کو منضبط کرنے والے قوانین موجود ہیں۔

کوئی بھی ملازم یا فریق ثالث شخص جو کہ سیاسی اور حکومتی امور میں کمپنی کی نمائندگی کرتا ہو کسی بھی دیگر ملازم پر راست طور پر یا پس پردہ کوئی دباؤ نہیں بنائے گا جو کہ اس بات کا فیصلہ کرنے کے کسی فرد کے حق کو پامال کرتا ہو کہ آیا کوئی ذاتی سیاسی تعاون کرنا چاہئے اور اگر ہاں تو کس کو اور کتنا۔

ملازمین اور دیگر فریق ثالث کے اشخاص جو سیاسی اور حکومتی امور میں کمپنی کی نمائندگی کرتے ہیں ان کے لئے ان تمام قوانین کی پابندی لازمی ہے جو امورِ عامّہ میں کارپوریٹ کی شراکت کو منضبط کرتے ہیں۔ مختلف ضابطوں کے تحت، کچھ ایسے مخصوص طرز عمل ہیں جن کی افراد کے لئے اجازت ہے اور اس کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے مگر وہ کارپوریشنز کے لئے ممنوع ہیں۔ ان پابندیوں کی مکمل طور پر تعمیل کرنا کمپنی کی پالیسی ہے۔

KBR حکومتی تعلقات (KBR Government Relations) کی پیشگی منظوری کے بغیر، کمپنی کے ذریعہ یا کمپنی کے نامزد فرد کے نام سے کمپنی کے فنڈز، جائیداد یا خدمات کا تعاون ریاستہائے متحدہ امریکہ میں انتخابی دفتر کے کسی سیاسی امیدوار یا کسی سیاسی پارٹی یا پارٹی اہلکار کی تائید میں نہیں کیا جا سکتا ہے (خواہ یہ ریاستی سطح پر ہو یا وفاقی سطح پر یا کسی دیگر ملک میں)۔ اس طرح کی منظوری جنرل قونصل کی نظرثانی اور منظوری سے مشروط ہے۔ KBR کا جنرل قونصل تصدیق کرے گا کہ مجوزہ تعاون قابل اطلاق قوانین کے تحت جائز اور مناسب ہے۔

وفاقی، ریاستی اور مقامی قوانین عوامی اہلکاروں کو تحائف کی پیش کش کرنے کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔ ملازمین، جب وہ کمپنی کے لئے کام کررہے ہوں تو انہیں عام طور پر ریاستہائے متحدہ امریکہ کے عوامی اہلکاروں یا ملازمین کو کسی بھی قیمتی چیز کی پیش کش کرنے سے منع کیا جاتا ہے۔

# برآمدات اور تجارت سے متعلق تعمیل

بین الاقوامی تجارت کو منضبط کرنے والے ریاستہائے متحدہ امریکہ اور دیگر قابل اطلاق قوانین اور ضابطوں کی مکمل تعمیل کرنا KBR کی پالیسی ہے۔ یہ قوانین اور ضابطے مصنوعات، خدمات، سافٹ ویئر، ٹیکنالوجی اور تکنیکی ڈیٹا کے ایکسپورٹ اور ری ایکسپورٹ کا، نیز پابندیوں اور بائیکاٹ مخالف تقاضوں کا احاطہ کرتے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنانا تمام ملازمین کی ذمہ داری ہے کہ کسی بھی صورت میں کوئی ایسا لین دین وجود میں نہ آنے پائے جو KBR کی مکمل تعمیل کی پالیسی کے خلاف ہو۔

بین الاقوامی تجارت کے کنٹرولز، جن میں ایکسپورٹ سے متعلق ضابطے شامل ہیں، ان کو حکومتوں کے قومی تحفظ اور پالیسی برائے خارجی امور کے مفادات کے تحفظ کے لئے تیار کیا گیا ہے جو کہ ایکسپورٹ کنٹرول کے تقاضوں کو نافذ کرتی ہیں۔ ایکسپورٹس میں مادی جسمانی، زبانی، بصری، یا ڈیٹا، سافٹ ویئر اور ٹیکنالوجی کے الیکٹرانک ایکسپورٹ شامل ہیں۔ امریکی ایکسپورٹ کنٹرول سے متعلق قانون کے سیاق میں، ایکسپورٹ میں ریاستہائے متحدہ میں غیر ملکی شہریوں کو تکنیکی ڈیٹا کی منتقلیاں، کسی بیرون ملک میں کسی تیسرے ملک کی شہریت کے حامل اشخاص پر امریکی تکنیکی ڈیٹا افشا کرنا، امریکی اصل والے آئٹمز کو ایک بیرون ملک سے دوسرے ملک میں ری ایکسپورٹ کرنا، اور بیرون ملک تیار ایسے آئٹمز کے ایکسپورٹس شامل ہیں جن میں 10 فیصد سے زیادہ امریکی اجزاء شامل ہوں۔ تجارت سے متعلق ریاستہائے متحدہ امریکہ کے کنٹرولز کا اطلاق نہ صرف یہ کہ KBR کے امریکی آپریشنز پر ہوتا ہے بلکہ ان کا اطلاق KBR کے غیر امریکی کاروبار پر بھی ہوتا ہے۔

ریاستہائے متحدہ امریکہ متعدد ممالک پر پابندیاں عائد کرتی ہے جن میں امریکی لوگ، امریکی کمپنیاں اور ان کی بیرون ملک ذیلی کمپنیاں کاروبار نہیں کر سکتی ہیں۔ ریاستہائے متحدہ کے شعبۂ خزانہ (United States Department of Treasury) کا بیرون ملک املاک پر کنٹرول کا دفتر (OFAC) کثرت سے ایسے ممالک کی فہرست کو اور/یا کسی ایسے ملک اور ملازمین کے تعلق سے جو بین الاقوامی تجارت میں شامل ہیں موجودہ پابندیوں کے درجہ میں ترمیم کرتا رہتا ہے ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ تازہ ترین فہرست کی طرف رجوع کریں جو کہ درج ذیل پتہ پر حاصل ہو سکتی ہے http://www.treasury.gov/resource-center/sanctions/Programs/Pages/Programs.aspx۔ یہ KBR کی پالیسی ہے کہ KBR کسی بھی صورت میں ایسے ممالک میں کاروبار نہیں کرے گی، کسی کام کا ٹھیکہ نہیں لے گی یا مصنوعات فروخت نہیں کرے گی جو OFAC کی پابندیوں یا بندشوں کے تحت آتے ہوں، مگر یہ کہ ریاستہائے متحدہ امریکہ کے قانون کے تحت اس کی اجازت ہو۔

اس ممانعت کا اطلاق کسی ایسے ادارے میں کام انجام دینے یا اس کو مصنوعات فروخت کرنے پر بھی ہوتا ہے جو ان میں سے کسی ملک میں واقع ہو یا کسی بھی ایسے ادارے کو جو ان میں سے کسی ملک کی حکومت کی ملکیت ہو یا اس کے زیر کنٹرول ہے، قطع نظر اس کے کہ اس طرح کا ادارہ کہاں واقع ہے۔ دیگر ممالک جہاں KBR کاروبار کرتی ہے ان جیسی تجارتی پابندیاں اور بندشیں ایک یا اس سے زیادہ ملکوں کے تعلق سے عائد کر سکتی ہیں۔ اگر کسی مخصوص علاقہ سے متعلق کوئی سوال ہو تو ہر ایک ملازم کی یہ ذمہ داری ہوگی کہ وہ KBR کے شعبۂ قانون – بین الاقوامی تجارت سے متعلق تعمیل کے دفتر سے رجوع کرے۔

امریکی قوانین اور ضابطے متعدد دیگر ممالک کے لئے کم پابندیوں والی تجارتی حدود بھی نافذ کرتے ہیں۔ امریکی اور دیگر حکومتیں ایسے اداروں کی متعدد فہرستیں رکھتی ہیں جن کے ساتھ ان کی کمپنیاں کاروبار نہیں کر سکتی ہیں، اور بین الاقوامی تجارت میں شامل ملازمین کو جب وہ بین الاقوامی تجارت کا کاروبار کر رہے ہوں تو معمول کے ساتھ ان فہرستوں کی جانچ کرنی چاہئے۔

اس کے علاوہ، KBR ریاستہائے متحدہ امریکہ کے بائیکاٹ مخالف ضابطوں کی سخت تعمیل کا مطالبہ کرتی ہے، جو کہ کسی بھی کاروبار کے ایسے لین دین سے منع کرتی ہے جو کہ عربوں کے ذریعہ اسرائیل کے بائیکاٹ کو سپورٹ کرتی ہو۔ حالاں کہ یہ اس قدر عام نہیں ہے مگر ریاستہائے متحدہ کے بائیکاٹ مخالف ضابطے کاروبار کے ایسے لین دین سے بھی منع کرتے ہیں جو کہ کسی بھی ملک کے کسی دوسرے ملک کے بائیکاٹ کو سپورٹ کرتا ہو سوائے اس کے کہ متعلقہ بائیکاٹ امریکی قانون کے مطابق ہو۔

# اعتماد مخالف

کمپنی قابل اطلاق اعتماد مخالف اور مسابقت سے متعلق قوانین کے تمام گوشوں کی تعمیل کرے گی۔

کوئی بھی ملازم قیمتوں، فروخت یا خدمت کی شرائط و ضوابط، پیداواریت، تقسیم کاری، خطوں یا گاہکوں کے تعلق سے کسی بھی مسابقت کار کے ساتھ کوئی سمجھوتہ یا معاہدہ نہیں کرے گا، نہ ہی کوئی منصوبہ یا اسکیم، واضح یا پوشیدہ، رسمی یا غیر رسمی، تیار کرے گا؛ نہ ہی وہ کسی مسابقت کار کے ساتھ قیمتوں پر، فروخت یا خدمت کی شرائط و ضوابط پر، یا کسی دیگر مسابقت سے متعلق معلومات کا تبادلہ کرے گا یا ان پر بات چیت کرے گا؛ نہ ہی وہ کسی دیگر ایسے عمل میں شامل ہوگا جو کسی قابل اطلاق اعتماد مخالف یا مسابقت سے متعلق قوانین کی خلاف ورزی کرتا ہو۔

مسابقت کاروں کے ساتھ KBR کے شعبۂ قانون کے ذریعہ منظور شدہ معمول کی ذیلی ٹھیکہ داری کا بندوبست یا مشترک تجاویز، جو کہ قابل اطلاق اعتماد مخالف یا مسابقت سے متعلق قوانین کے بر خلاف نہ ہوں وہ اس پالیسی کے تحت ممنوع نہیں ہیں۔

قابل اطلاق اعتماد مخالف اور مسابقت سے متعلق قوانین کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لئے تجارتی ایسوسی ایشنز یا انڈسٹری کے اجتماعات کے ذریعہ معلومات کے تبادلوں میں شامل ہونے سے قبل بھی KBR کے شعبۂ قانون کی ہدایت حاصل کرنا چاہئے۔

جوائنٹ وینچر کے آپریشنوں سے متعلق جوائنٹ وینچر کے ممبران کے درمیان کئے گئے معاہدوں کو مسابقت کاروں کے معاہدے کے بجائے پارٹنر تصور کیا جاتا ہے — خواہ پارٹنرز جوائنٹ وینچر کے باہر مسابقت کار ہی کیوں نہ ہوں۔ لیکن جوائنٹ وینچر کے دائرے کے باہر مسابقت کار جوائنٹ وینچر کے پارٹنرز کے درمیان مسابقت مخالف معاہدے ممنوع ہیں۔ اس کے علاوہ، KBR، اس کے جوائنٹ وینچرز یا جوائنٹ وینچر پارٹنرز کے درمیان مسابقت کے لحاظ سے حساس معلومات مسائل کی وجہ ہو سکتی ہیں؛ لہذا، اس طرح کی معلومات کے تبادلے سے قبل آپ کو شعبۂ قانون سے رجوع کر لینا چاہئے۔




## جوابدہ بنیں!

*س: جیمی تجاویز کے شعبہ (Proposals Department) میں کام کرتی ہے۔ اس دوران جبکہ جیمی ایک انڈسٹری کی کانفرنس میں شرکت کر رہی تھی ایک سابق رفیق کار نے جو کہ اب ایک مسابقت کار کے لئے کام کرتا ہے جیمی سے انڈسٹری کے ایک گروپ کے ساتھ علیحدہ ملاقات کرنے اور اہم معلومات کے تبادلے کی درخواست کی۔ کیا جیمی کو اس اجتماع میں شرکت کرنی چاہئے؟*

*ج: اعتماد مخالف اور مسابقت سے متعلق تمام قوانین کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لئے جیمی کو اجتماع میں شرکت کرنے اور KBR سے متعلق کسی بھی طرح کی معلومات کا تبادلہ کرنے سے پہلے شعبۂ قانون کی رہنمائی حاصل کرنی چاہئے۔*

## فریب

### کمپنی ہر طرح کے فریب کو ممنوع قرار دیتی ہے۔



"فریب" کی اصطلاح فنڈز کے غبن اور دیگر بے قاعدگیوں پر مشتمل ہے، مگر یہ انھی تک محدود نہیں ہے، اس میں درج ذیل میں سے کوئی بھی چیز شامل ہو سکتی ہے:

- بے ایمانی یا فریب کاری؛
- فنڈز کا غلط استعمال یا غبن؛
- گھپلہ؛
- جعل سازی یا قابلِ خرید و فروخت دستاویزات میں رد وبدل کرنا جیسے کمپنی کے چیک اور ڈرافٹ؛
- کمپنی، ملازم، گاہک، پارٹنر یا سپلائر کی املاک غبن کرنا؛
- نقد، سیکورٹیز، سپلائیوں، جائیداد یا کمپنی کی کسی دیگر املاک کو ذاتی استعمال میں لانا؛
- کمپنی کے لین دین کو نا جائز طریقے سے انجام دینا یا رپورٹ کرنا؛ اور
- ذاتی یا دیگر اسباب کی بنا پر کمپنی ریکارڈز یا مالی گوشواروں میں غلط بیانی کرنا۔

مذکورہ فہرست تمام چیزوں کو محیط نہیں ہے مگر اس کا مقصد ان حالات کو بتانا ہے جن میں فریب شامل ہوتا ہے۔

کمپنی کی جائیداد کی حفاظت کرنا اور ان کے مؤثّر استعمال کو یقینی بنانا ملازمین کی ذمہ داری ہے۔ ملازمین کے ذریعہ کمپنی کی املاک کی چوری کرنا، ان کے تعلق سے لا پرواہی برتنا اور انھیں ضائع کرنا ممنوع ہے کیوں کہ اس طرح کے عمل اور برتاؤ کا ایک راست اور منفی اثر کمپنی کی شہرت اور منافع کمانے کی صلاحیت پر پڑتا ہے۔ کمپنی کی تمام املاک کا استعمال صرف کمپنی کے جائز کاروباری مقاصد کے لئے کیا جانا چاہئے۔

### جوابدہ بنیں!

*س: ایک سیلز ڈائریکٹر اور اس کے سپروائزر نے کئی سالوں تک ایک ساتھ کام کیا ہے اور کام کے باہر وہ اچھے دوست ہیں۔ اپنی بیویوں کے ساتھ ایک مہنگی رات گزارنے کے بعد، سیلز ڈائریکٹر تجویز کرتا ہے کہ وہ لوگ کھانے کی رقم اس کے کارپوریٹ کریڈٹ کارڈ سے لے لیں اور بتا دیں کہ کھانا کلائنٹس کے ساتھ ایک کاروباری اجتماع کے نتیجہ میں تھا۔ سپروائزر جو کہ سیلز ڈائریکٹر کے اخراجات کی رپورٹوں کو منظوری دیتا ہے، حامی بھر لیتا ہے۔ کیا اس میں کوئی پریشانی ہے؟*

*ج: سیلز ڈائریکٹر اور سپروائزر کے اس عمل سے کاروباری ضابطۂ عمل کی خلاف ورزی کا ارتکاب ہوتا ہے کیوں کہ ذاتی اغراض کے لئے کمپنی کے فنڈز کا استعمال سختی سے ممنوع ہے اور اخراجات کی ایک غلط رپورٹ جمع کرنا اور اس کو منظوری دینا فریب کاری کے زمرے میں آتا ہے۔*

# غیر عوامی اہم معلومات کا استعمال اور عوامی سطح پر ان کا انکشاف



کمپنی غیر عوامی اہم معلومات عوام کو فوراً اور مکمل طور پر بتا دے گی جب کبھی ایسا از روئے قانون اور/یا SEC یا NYSE کے احکام کے تحت لازمی ہوگا۔ "اہمیت" کے تعلق سے فیصلوں میں موضوعی احکامات شامل ہوتے ہیں؛ لہذا اہمیت سے متعلق سوالات کا فیصلہ جنرل قونصل اور چیف فائنینشیل آفیسر کرے گا۔ انکشاف کا کوئی بھی عمل جو کمپنی SEC کے یہاں جمع کی جانے والی رپورٹوں اور دستاویزات میں کرے گی اور دیگر عوامی مواصلات جو کہ کمپنی انجام دے گی وہ مکمل، منصفانہ، درست، بروقت اور قابل فہم ہوں گی۔

غیر عوامی اہم معلومات کا انکشاف کمپنی کے اندر ان اشخاص کے علاوہ جن کے منصب ان معلومات کے جاننے کا تقاضا کرتے ہیں کسی اور شخص پر ہرگز نہیں کیا جائے گا یہاں تک کہ کمپنی اسے عوامی سطح پر جاری کردے۔

کوئی بھی ملازم کمپنی کی سیکورٹیز میں (متعلقہ مشتق سیکورٹیز میں جیسے put یا call آپشنز) میں خریدنے یا بیچنے کی ترتیب نہیں لگائے گا، نہ ہی وہ کسی دیگر شخص کو خریدنے یا بیچنے کی ترتیب لگانے کی سفارش کرے گا جب کہ اسے کمپنی سے متعلق ایسی اہم معلومات کا علم ہو جو عوام کو نہیں بتائی گئی ہیں۔
کوئی بھی ملازم جو کہ غیر عوامی اہم معلومات کا علم رکھتا ہو ٹریڈنگ یا کسی اور کو ٹریڈنگ کی صلاح دینے سے پہلے معلومات کے عوامی طور پر نشر کردیئے جانے کے بعد کاروبار کے دوسرے دن کاروبار کے اختتام تک انتظار کرے گا۔

خفیہ معلومات تک ان کی باقاعدہ رسائی کی وجہ سے، مخصوص ملازمین ("اندر کے لوگوں") پر کمپنی کی سیکورٹیز میں ٹریڈنگ کرنے پر اضافی پابندیاں عائد کی جاتی ہیں۔

# خفیہ اور پوشیدہ معلومات



کمپنی کے کاروبار کی انجام دہی کے دوران، ملازمین اکثر کمپنی، اس کے گاہک، سپلائرز یا جوائنٹ وینچر پارٹنرز سے متعلق خفیہ اور پوشیدہ معلومات سے واقف ہو جاتے ہیں۔

کوئی بھی ملازم جسے خفیہ یا پوشیدہ معلومات سے متعلق امین بنایا گیا ہو یا بصورت دیگر اسے ان کا علم ہو وہ ان معلومات کو کمپنی کے باہر ظاہر یا استعمال نہیں کرے گا یا ذاتی منفعت کے لئے ان کا استعمال یا اظہار نہیں کرے گا، خواہ یہ ملازمت کے دوران ہو یا اس کے بعد یا کمپنی کی دوسری سروس کو، سوائے اس کے کہ اسے ایک ایسا منیجر یا ملازم جسے خفیہ یا پوشیدہ معلومات جاری کرنے کا اختیار ہو ایسا کرنے کے لئے درست اور مناسب تحریری منظوری دے۔ کوئی غیر منظور شدہ انکشاف کمپنی کے لئے نقصان دہ یا کسی مسابقت کار کے لئے سود مند ہو سکتا ہے۔

کمپنی جوائنٹ وینچر پارٹنرز، سپلائرز اور گاہکوں کے پوشیدہ ڈیٹا کے ساتھ بھی کام کرتی ہے۔ اس طرح کے ڈیٹا کا تحفظ انتہائی اہم ہے اور انہیں لازماً کمپنی کا انتہائی خیال رکھتے ہوئے جاری کرنا چاہئے تاکہ اس طرح کے اشخاص کے متعلقہ اعتماد کو قائم رکھا جا سکے۔ کوئی بھی ملازم کسی غیر ملازم شخص کے لئے کمپنی کی منظوری کے بغیر ایسی خفیہ یا پوشیدہ معلومات کا انکشاف یا استعمال نہیں کرے گا جو کمپنی کے علاوہ کسی اور کی ملکیت ہو، اس طرح کی منظوری اس دستاویز میں مذکورہ ملازم کے اطلاع دینے سے متعلق حقوق کو ساقط نہیں کرے گی، نہ ہی اس طرح کا کوئی شخص معلومات کا انکشاف دیگر لوگوں کے لئے کرے گا سوائے اس کے کہ جاننے کی ضرورت کی بنیاد ثابت ہو جائے۔



# حکومتی ٹھیکے

کمپنی ان تمام ضابطوں کی تعمیل کرے گی جن کا اطلاق ریاستہائے متحدہ اور دیگر حکومتی معاہدوں پر ہوتا ہے۔

تمام ملازمین جو حکومتی ٹھیکوں پر کام کر رہے ہیں انہیں ان پالیسیوں اور طرز عمل سے متعلق درست انداز میں بتایا جائے گا اور کافی تربیت دی جائے گی جو کاروبار کے اس ضابطۂ عمل اور کمپنی کی دیگر پالیسیوں میں شامل ہیں، خاص طور پر وہ جن کا تعلق حکومتی ٹھیکوں سے ہے۔ ہر وہ کاروباری یونٹ جس کا ریاستہائے متحدہ یا دیگر حکومت کے ساتھ ٹھیکہ ہے اس بات کو یقینی بنانے کے لئے ذمہ دار ہے کہ ان پالیسیوں سے متعلق ملازمین کو تربیت دی جاتی ہے اور اس طرح کی تربیت کی درست انداز میں دستاویز سازی کی جاتی ہے۔









## کاروباری ضابطۂ عمل کی مشتبہ خلاف ورزیوں کی اطلاع دینا

ضروری ہے کہ ملازمین رپورٹنگ کے لئے کسی موزوں ادارے کو کاروباری ضابطۂ عمل کی مشتبہ خلاف ورزی کی فوراً اطلاع کریں، جن میں درج ذیل شامل ہیں مگر فہرست انہی تک محدود نہیں ہے:

- **www.kbr.ethicspoint.com**
- **ایتھکس ہاٹ لائن**
  - ریاستہائے متحدہ امریکہ یا کناڈا **(855) 219-7328**
  - تمام دیگر ممالک کے لئے ٹال فری ٹیلی فون نمبر **www.kbr.ethicspoint.com** سے حاصل کیا جا سکتا ہے
- کاروباری ضابطۂ عمل کا پوسٹ آفس باکس
  - **P.O. Box 2464, Houston, TX 77252-2464, USA**
- کاروباری ضابطۂ عمل کے ڈائریکٹر کا پتہ **fhoukbrcode@kbr.com**
- KBR **شعبۂ قانون** کا مناسب نمائندہ؛ **آڈٹس خدمات؛ انسانی وسائل، صحت، سلامتی، تحفظ اور ماحول**؛ یا تعمیل سے متعلق کوئی اور شعبہ
- ملازم کا **سپروائزر یا منیجر**
- ایگزیکٹو اعلی انتظامیہ کا ممبر

**اس کے علاوہ، کمپنی کو معاملہ کی اطلاع دیئے بغیر یا ان کی پیشگی منظوری حاصل کئے بغیر، ملازمین قانون کی ممکنہ خلاف ورزی کی اطلاع مناسب حکومتی حکام کو دینے کے لئے کبھی بھی اپنے قانونی حق یا فرض کا استعمال کر سکتے ہیں۔**

کمپنی نیک نیتی کے ساتھ کاروباری ضابطۂ عمل کی مشتبہ خلاف ورزیوں کی اطلاع دینے کے خلاف کسی بھی شکل میں انتقامی کارروائی کو ممنوع قرار دیتی ہے۔ کسی بھی ایسے شخص کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے گی جو راست یا بالواسطہ طور پر کسی ایسے ملازم کے خلاف انتقامی کارروائی کرتا ہے جو حقیقی یا مشتبہ خلاف ورزیوں کی اطلاع دیتا ہے۔ دیگر ملازمین کی اطلاع دینے کے سوال پر حوصلہ شکنی کرنا ممنوع ہے اور اس کے لئے تادیبی کارروائی کی جا سکتی ہے۔

کاروباری ضابطۂ عمل کی مشتبہ خلاف ورزی کے سلسلے میں انجام دی جانے والی کسی بھی تفتیش میں ملازمین سے مکمل تعاون کی توقع کی جاتی ہے۔

### جوابدہ بنیں!

*س: فرینک اپنے سپروائزر کو کچھ ایسا کرتے ہوئے دیکھتا ہے جس کے بارے میں اس کا خیال ہے کہ وہ کاروباری ضابطۂ عمل کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے، لیکن وہ اس بابت پر یقین نہیں ہے کہ آیا یہ خلاف ورزی ہے اور فرینک الجھنا نہیں چاہتا ہے۔ اسے کیا کرنا چاہئے؟*

*ج: فرینک کو اس حالت کی اطلاع ہاٹ لائن پر یا دیگر رپورٹنگ چینل کے ذریعہ کردینی چاہئے۔ COBC شعبہ تفتیش کرکے یہ طے کر سکتا ہے کہ آیا فی الواقع کسی خلاف ورزی کا ارتکاب ہوا ہے یا نہیں۔ فرینک کی یہ ذمہ داری ہے کہ اس نے جو طرزِ عمل دیکھا ہے اس کی اطلاع دے۔*

# یادداشت

# کاروباری ضابطۂ عمل

www.kbr.com ©2019 KBR, جملہ حقوق محفوظ (Urdu)